سوال

(184) دیوار پر آویزاں کرنے جائز ہیں یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ازروئے فقہ حنفی مسجد میں کتبے وغیرہ سامنے دیوار پر آویزاں کرنے جائز ہیں یا نہیں جبکہ وہ مخل ہوں اور کسی قبر یا مزار کی تصویر لٹکانا شرعاً کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فقہ میں یہ مسئلہ موجود ہے کہ نمازی کے سامنے کوئی شخص بیٹھا ہو اس کا منہ نمازی کی طرف نہیں ہونا چاہیے کیوں کہ نماز میں خلل واقع ہوتا ہو۔ پس یہی اس بات کی دلیل ہے کہ نمازی کے سامنے کوئی تصویر یا کوئی ایسی شے نہیں ہونی چاہیے جو نماز میں خلل کا باعث ہو۔

عبداللہ امرتسری روپڑی

(فتاویٰ اہل حدیث ص ۲۳)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 268

محدث فتویٰ